Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ________________

Sig. of Invigilator.____________

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

# اُردو سلیبس ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20منٹ

**نوٹ:** حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:الف۔** درج ذیل قواعد کی رُو سے کیا ہیں؟ دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔ (5x1=5)

(i) ''جزو'' کی جمع کیا ہے؟

الف۔ جواز ب۔ **جوازات** ج۔ جوازوں د۔ اجزاء

(ii) قواعد کی رو سے عشقِ حقیقی کیا ہے؟

الف۔ مرکب عددی ب۔ **مرکب عطفی** ج۔ مرکب توصیفی د۔ مرکب اضافی

(iii) ''فلک'' کا مطلب کیا ہے؟

الف۔ آسمان ب۔ **زمین** ج۔ پہاڑ د۔ بادل

(iv) قواعد میں ''توپ'' کیا ہے؟

الف۔ اسم صوت ب۔ **اسم مکبر** ج۔ اسم آلہ د۔ اسم ظرفِ زمان

(v) ''مرثیہ'' میں کس بات کا اظہار ہوتا ہے؟

الف۔ غم ب۔ **خوشی** ج۔ غصہ د۔ طنز

**ب۔** دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔ (10x1=10)

(i) ''زبور'' کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟

الف۔ حضرت عیسیٰؑ ب۔ **حضرت داؤدؑ** ج۔ حضرت موسیٰؑ د۔ حضرت محمد ﷺ

(ii) سبق ''آتش بازی'' کے مصنف کون ہیں؟

الف۔ علی ناصر زیدی ب۔ **ڈپٹی نذیر احمد** ج۔ خواجہ حسن نظامی د۔ مولوی عبدالحق

(iii) انتقال کے وقت بہادر یار جنگ کی عمر کتنی تھی؟

الف۔ انتیس سال ب۔ **اکتالیس سال** ج۔ اُنچاس سال د۔ اُنسٹھ سال

(iv) اصغری کا محمود سے کیا رشتہ تھا؟ (بحوالہ سبق ''آتش بازی'')

الف۔ بہن ب۔ **ماں** ج۔ بھابھی د۔ بیٹی

(v) ابتداء میں آریہ ہندوؤں کی زبان کیا تھی؟

الف۔ ہندی ب۔ **سنسکرت** ج۔ برج بھاشا د۔ پراکرت

(vi) مرزا غالب نے نثر میں کس صنف کا نیا ڈھنگ نکالا؟

الف۔ ناول نگاری ب۔ **مضمون نگاری** ج۔ افسانہ نگاری د۔ خطوط نگاری

(vii) نظم ''پھول کی فریاد'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ عاصی کرنالی ب۔ **علامہ اقبال** ج۔ شوق قدوائی د۔ بہزاد لکھنوی

(viii) شاعر نظیر اکبر آبادی نے کس موسم کا منظر پیش کیا ہے؟

الف۔ گرمی ب۔ بہار ج۔ برسات د۔ سردی

(ix) بہادر شاہ ظفر کی غزل کے مطابق عمرِ دراز کتنے دن پر مشتمل ہے؟

الف۔ دو دن ب۔ **تین دن** ج۔ چار دن د۔ پانچ دن

(x) ''رباعیات'' کے مطابق کم ظرف کو اگر دولت مل جائے تو وہ کیا کرتا ہے؟

الف۔ اِتراتا ہے ب۔ **خوش ہوتا ہے** ج۔ روتا ہے د۔ آرام کرتا ہے

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: ____

12

# اُردو سلیس ایس ایس سی-II

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم: 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 37)

سوال نمبر۲: الف۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (5x2=10)

(i) نظریہ پاکستان سے کیا مراد ہے؟

(ii) آتش بازی سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟

(iii) فاطمہ بنت عبداللہ کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(iv) اُردو کو لشکری زبان کیوں کہا جاتا ہے؟

(v) آبدوز کشتی دشمن کے جہاز پر کس طرح حملہ کرتی ہے؟

(vi) نظم ''پھول کی فریاد'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(vii) اللہ کا سب سے مقبول بندہ کون سا ہے؟ (بحوالہ رباعیات)

ب۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ/محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے: (5)

(i) عادت (ii) اخلاق (iii) ہراساں (iv) اعتراف

(v) کندن بننا (vi) بل بوتے پر (vii) نثر نگار

ج۔ (i) درج شُدہ کے جمع بنائیں: وقت ، فکر ، حکم (3)

(ii) درج شُدہ کے متضاد لکھیں: رات ، سوال ، قریب (3)

(iii) درج شُدہ کے ہم معنی لفظ لکھیں: ملال ، طیبہ ، دنیا (3)

(iv) درج شُدہ الفاظ سے مرکب اضافی بنائیں: شاہ ، موسم ، ماہ (3)

(v) درج شُدہ کس قسم کی نظمیں ہوتی ہیں؟ نعت ، مناجات ، قصیدہ (3)

د۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مؤنث الگ الگ کیجیے: (4)

تنکا ، دولت ، کشتی ، چمن

ہ۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو درست ترتیب دے کر بامعنی جملے بنائیے: (3)

(i) ہے۔ بالکل۔ سمندر۔ رہتا۔ میں۔ اندھیرا۔

(ii) کشتی۔ آبدوز۔ کارنامہ۔ کا۔ سائنس۔ ہے۔

(iii) قرآن مجید۔ ہے۔ کتاب۔ آخری۔ کی۔ اللہ۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 23)

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّف کے حوالے سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ ''ایک دن جنگ زوروں پر تھی۔ مشین گنوں سے گولیوں کی بارش ہو رہی تھی۔ توپیں آگ اُگل رہی تھیں۔ جگہ جگہ لاشیں پڑی ہوئی تھیں۔ مجاہدین بڑی بے جگری سے لڑ رہے تھے۔ فاطمہ کے کندھے پر مشک اور ہاتھ میں پیالہ تھا، جو مجاہد زخم کھا کر گرتا، یہ بچی بجلی کی طرح لپک کر اُس کے پاس پہنچتی اور اپنے ننھے ہاتھوں سے پانی پلاتی''۔

ب۔ مغلیہ سلطنت کے زوال پر سمندر کے راستے ایک نئی قوم ہندوستان میں داخل ہوئی جو ہندو، مسلمانوں سے بالکل غیر تھی۔ اس قوم نے اس کی اُنگلی پکڑی، اُنگلی پکڑتے ہی پہنچا پکڑا اور دربار سرکار میں اسکی رسائی ہوگئی اور رفتہ رفتہ دفاتر سے فارسی کو نکال باہر کیا اور خود اُس کی کرسی پر جلوہ گر ہوئی آخر ہندوستان کی قدیم راجدھانی اُس کا جنم بھوم اور دوآبہ اُس کا وطن ہوا۔

سوال نمبر۴: شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ جو تو بڑا ہے تو مجھ سا ہنر دِکھا مجھ کو
یہ چھالیہ ہی ذرا توڑ کر دِکھا مجھ کو
نہیں ہے چیز نِکمّی کوئی زمانے میں
کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں

ب۔ دُنیا کا عجیب کارخانہ دیکھا
کس کس کا نہ یاں ہم نے زمانہ دیکھا
رہتا تھا سروں پہ جن کے چتر زریں
تربت پہ نہ اُن کی شامیانہ دیکھا

سوال نمبر۵: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل غزلیہ اجزاء میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے: (1+5=6)

الف۔ اہلِ عالم سب آئے غیر نظر
اک تمھیں صورت آشنا دیکھا
نہ بچا اُس نگاہِ ناز سے دل
ہم نے سو سو طرح چھپا دیکھا

ب۔ ابنِ مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سُنا کرے کوئی

سوال نمبر۶: درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں: (5)

الف۔ جاڑے کی بہاریں
ب۔ پہاڑ اور گلہری

----- 2SA 1806 -----